58th Year

بانی صوفی غلام محمد

# سرینگر ٹائمز

www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 58 • No. 46 | صفحات : 08 | ۱۵فروری۲۰۲۶بروزاتوار بمطابق۲۶شعبان۱۴۴۷ | Sunday 15th February 2026 | جلد نمبر 58



## خواب دیکھنا سیکھا: انل کمبلے

ہندوستان میں چند ہی میدان ایسے ہیں جو ایم چناسوامی اسٹیڈیم جتنی یادیں، جیت اور دکھ سمیٹے ہوئے ہیں۔ ہندوستان کے سابق کپتان انل کمبلے جمعہ کے روز اسٹیڈیم کی ۵۰ ویں سالگرہ منانے کے لیے یہاں آئے اور اپنے کیریئر کے بارے میں بتایا، جو ایک کم عمر شائقین کے طور پر یہیں سے شروع ہوا اور ملک کے مشہور ترین کرکٹ میدانوں میں سے ایک کے ساتھ آگے بڑھتا گیا۔ (تفصیلات اندر)



## رضا کا ووسٹر شائر سے معاہدہ

سکندر رضا نے رواں سال وٹیلیٹی بلاسٹ ٹی ٹوئنٹی ٹورنامنٹ میں شرکت کے لیے برطانوی کاؤنٹی ووسٹر شائر کاؤنٹی کرکٹ کلب سے معاہدہ کر لیا ہے۔ کاؤنٹی کلب کی جانب سے جاری اعلامیے میں بتایا گیا کہ ٹی ٹوئنٹی فارمیٹ کے تجربہ کار آل راؤنڈر اس ایونٹ کے لیے ٹیم میں شامل ہونے والے دوسرے اوورسیز کھلاڑی ہوں گے۔ (تفصیلات اندر)




# ٹیکنالوجی پر مبنی نامیاتی کاشتکاری اپنانے کی ضرورت/ وزیر اعلیٰ

## سکاسٹ کشمیر کے شالیمار کیمپس میں 11 ویں ایگری ٹیک میلہ گون گُل 2026ء کا افتتاح

سرینگر/ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی آف کشمیر (سکاسٹ کشمیر) کے شالیمار کیمپس میں 11 ویں ایگری ٹیک میلہ گون گل 2026 کا افتتاح کیا۔ وزیر اعلیٰ کے ساتھ وزراء سکینہ ایتو، جاوید احمد ڈار، وائس چانسلر سکاسٹ کشمیر، پرنسپل جی ایم سی سرینگر، ڈائریکٹر ایکسٹینشن ایجوکیشن سکاسٹ کشمیر، یونیورسٹی کے فیکلٹی ممبران، سائنسدان اور ماہرین نے افتتاحی سیشن میں شرکت کی۔ اس موقع پر کشمیر سے مختلف علاقوں سے کاشتکاروں، ترقی پسند کسانوں اور ایگری انٹر پرنیورز کی بڑی تعداد نے بھی شرکت کی۔ یہ ایونٹ زراعت میں آمدنی، پیداواریت اور پائیداری کو بڑھانے کے مقصد سے منعقد کیا گیا تھا۔ تین روزہ ایگری ٹیک میلہ کے افتتاح کے بعد وزیر اعلیٰ نے یونیورسٹی کیمپس میں ایگری پرنیورز، ابھرتے اور قائم شدہ اسٹارٹ اپس کی طرف سے لگائے گئے 100 سے زائد اسٹالز کا معائنہ کیا، جہاں زرعی ٹیکنالوجیز کی وسیع رینج کی نمائش کی گئی تھی۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ نے سٹال مالکان سے بات چیت کی اور ان کی پیداوار، اسٹارٹ اپس، انٹر پرائیزز اور ٹیکنالوجیکل مداخلتوں کے بارے میں دریافت کیا۔ ایونٹ سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے ترقی پسند کسانوں، کاشتکاروں، زرعی سائنسدانوں، فیکلٹی ممبران اور محققین کی جانب سے جموں وکشمیر کے زرعی منظر نامے کو بدلنے میں کئے گئے نمایاں کردار اور شراکت کی تعریف کی۔ انہوں نے کہا کہ ان کی مسلسل کاوشیں خطے میں زراعت کے مستقبل کو تشکیل دے رہی ہیں اور حکومت کے مختلف پروگراموں کے تحت جدت، جدیدیت اور معاشی ترقی کو فروغ دے رہی ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ عالمی سطح پر مقابلہ کرنے کیلئے جموں وکشمیر کو اپنی مقامی زرعی پیداوار کے معیار اور مقدار دونوں کو بہتر بنانا ہوگا۔ وزیر اعلیٰ نے سکاسٹ کشمیر اور سکاسٹ جموں کے کردار کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ ان یونیورسٹیوں نے زراعت اور باغبانی کو آگے بڑھانے میں/2



## ہند امریکہ تجارتی معاہدے میں فائدہ کے بجائے نقصان/ عمر عبداللہ

### زرعی یونیوسٹی کے گونگل فیسٹول کے حاشیئے پر نامہ نگاروں کے ساتھ بات چیت

سرینگر/ یو این آئی/ جموں وکشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے امریکہ کے ساتھ مجوزہ تجارتی معاہدے پر تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس معاہدے سے جموں وکشمیر کے شعبہ باغبانی پر منفی اثرات مرتب ہوسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر اعلیٰ قیمت والی امریکی مصنوعات مقامی مارکیٹ میں داخل ہوئیں تو مقامی کاشتکاروں کو نقصان ہوسکتا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے ان باتوں کا اظہار ہفتے کے روز یہاں زرعی یونیوسٹی کے گونگل فیسٹول کے حاشیئے پر نامہ نگاروں کے ساتھ بات کرنے کے دوران کیا۔ ہند-امریکہ مجوزہ تجارتی معاہدے کے بارے میں پوچھے جانے پر انہوں نے کہا: 'مجھے نہیں معلوم کہ اس معاہدے کے ملک کو کیا فائدے ہوں گے لیکن مجھے نقصان ہی نظر آرہا ہے'/1

## لیفٹیننٹ جنرل پراتیک شرما نے کشمیر میں سیکورٹی فریم ورک کا جائزہ لیا




سرینگر/ یو این آئی/ فوج کی شمالی کمان کے کمانڈر لیفٹیننٹ جنرل پراتیک شرما نے وادی کشمیر میں تعینات فورسز کے سیکورٹی فریم ورک اور آپریشنل تیاریوں کا جائزہ لیا۔ اس دوران انہوں نے وہاں تعینات جوانوں کے ساتھ بات چیت کی اور اس بات پر زور دیا کہ/3




# لیتھہ پورہ فدائین حملے میں جاں بحق جوانوں کی یاد میں تقریبات کا اہتمام

## صدر ہند، نائب صدر، وزیر اعظم، وزیر دفاع، وزیر داخلہ اور لیفٹیننٹ گورنر نے شاندار الفاظ میں خراج عقیدت ادا کیا





سرینگر/ اے پی آئی// لیتھہ پورہ فدائین حملے میں جاں بحق ہونے والے 40 کے قریب سی آر پی ایف جوانوں کو صدر ہند، نائب صدر، وزیر اعظم، وزیر دفاع، وزیر داخلہ، جموں وکشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر نے شاندار الفاظ میں خراج عقیدت ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان کی قربانی کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا اور ان کی قربانی پر قوم کو فخر ہے۔ اے پی آئی نیوز کے مطابق لیتھہ پورہ اونتی پورہ فدائین حملے کی ساتویں برسی پر 40 کے قریب سی آر پی ایف جوانوں کو خراج عقیدت ادا کرنے کیلئے تقریبات کا اہتمام کیا گیا۔ صدر ہند دریدی مرمو نے لیتھہ پورہ اونتی پورہ میں جاں بحق ہوئے سی آر پی ایف جوانوں کو خراج عقیدت ادا کرتے ہوئے کہا کہ وطن عزیز کی سرحدوں کو محفوظ رکھنے اور ملک دشمن عناصر سے نمٹنے کے دوران اپنی جانوں کا نظرانہ پیش کرنے والے سی آر پی ایف جوان ہمارے ہیرو ہیں اور بھارت کی تاریخ میں اُن کا نام ہمیشہ زندہ رہے گا۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے جاں بحق ہوئے سی آر پی ایف جوانوں کو خراج عقیدت ادا کرتے ہوئے کہا کہ سی آر پی ایف کے 40 جوانوں نے ملک کی سلامتی اور خودمختاری کو تحفظ فراہم کرنے اور دہشت گردی کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کیلئے اپنی جانوں کا نظرانہ پیش کیا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ان کی لازوال جرات پر قوم کو فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردانہ حملے میں جاں بحق جوانوں کی قربانی ہمیشہ یاد رکھی جائے گی۔ نائب صدر نے بھی جاں بحق ہوئے سی آر پی ایف جوانوں/4

# غیر معروف ''چلہ خورد'' کے قیام کے بس 8 دن باقی رہ گئے

## ''چلہ بچہ'' کوئی غیر معمولی کروٹ نہ لے تو دھوپ کا سلسلہ جاری رہے گا

سرینگر/ ایس این این/ دن بھر اچھی خاصی دھوپ نکلنے کے ساتھ ہی آئندہ کچھ دنوں تک خشک موسمی صورتحال کے بیچ وادی میں دن کے درجہ حرارت میں بہتری تاہم شبانہ درجہ حرارت پھر نیچے چلا گیا۔ دن میں کھلی دھوپ نکلنے سے اہلیان وادی نے راحت کی سانس لی۔ ادھر محکمہ موسمیات نے 16 فروری تک خشک موسم کی پیشگوئی کرتے ہوئے کہا کہ 25 فروری تک کسی بڑی موسمی تبدیلی کا کوئی امکان نہیں ہے۔ سٹار نیوز نیٹ ورک کے مطابق دن بھر کھلی دھوپ نکلنے اور رات کو آسمان صاف رہنے کے باعث شبانہ سردیوں میں پھر کمی آئی ہے۔ دن بھر اگرچہ کھلی دھوپ نکلنے سے موسم اچھا ہوتا ہے تاہم رات کے درجہ حرارت میں پھر کمی آئی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق وادی کشمیر میں شبانہ درجہ حرارت میں پھر کمی درج ہوئی ہے۔ 16 فروری کی رات یا 17 فروری کی صبح کو بالائی علاقوں پر ہلکی برفباری کا امکان ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ/5

# شیوراتری پر لیفٹیننٹ گورنر اور وزیر اعلیٰ کے پیغامات مبارک بادی

سرینگر/ لفٹینٹ گورنر مسٹر منوج سنہا نے مہا شوراتری کے مقدس موقع پر، جو کل 15 فروری کو منایا جائے گا، عوام الناس کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی ہے۔ لفٹینٹ گورنر نے اپنے پیغام میں کہا۔ ''مہا شوراتری کے موقع پر میں سب کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد اور نیک خواہشات پیش کرتا ہوں، میں ہر شہری کی صحت، خوشحالی اور خوشنصیبی کیلئے دعا گو ہوں۔ یہ مقدس تہوار جسے کشمیری پنڈت برادری 'ہیرتھ' کے نام سے مناتی ہے، ہماری روحانی روایت اور برادرانہ ہم آہنگی کی علامت ہے۔ دریں اثناء وزیر اعلیٰ نے کہا کہ مہا شوراتری ایک مقدس تہوار ہے جو عقیدت، ایمان اور روحانی بیداری کی علامت ہے اور یہ لوگوں کو نیکی، ہم آہنگی اور رحم دلی کے راستے پر چلنے کی ترغیب دیتا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا ''مہا شوراتری کے بابرکت موقع پر میں سب کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد اور نیک خواہشات پیش کرتا ہوں، اللہ کرے کہ یہ مقدس موقع ہر گھر میں امن، خوشی اور خوشحالی لائے۔''

# گھر کی بالائی منزل سے گر کر معصوم بچے نے دم توڑ دیا

## بمنہ میں صف ماتم بچھ گئی، والدین پر قیامت ٹوٹ پڑی

سرینگر/ ایس این این/ سرینگر کے بمنہ علاقے میں اس وقت صف ماتم بچھ گئی جب مکان کی اوپری منزل سے گر کر 5 سالہ کمسن بچہ لقمہ اجل بن گیا۔ سٹار نیوز نیٹ ورک کے مطابق بمنہ سرینگر میں ایک کمسن بچہ مکان کی اوپری منزل سے گر جانے کے بعد موت کی آغوش میں چلا گیا۔ عین شاہدین کے مطابق پانچ سالہ کمسن بچہ جس کی شناخت دانیال ولد پرویز احمد شیخ ساکنہ گرڈ سٹیشن بمنہ کے بطور ہوئی اپنے گھر کی اوپری منزل سے نیچے گر آیا جس کے بعد وہ شدید طور پر زخمی ہوگیا۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ کمسن بچے کو علاج و معالجہ کیلئے صدر اسپتال سرینگر منتقل کردیا گیا تاہم وہاں پہنچنے پر ڈاکٹروں نے اس کو مردہ قرار دیا۔ پولیس کے ایک سنیئر آفیسر نے اسکی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ اس معاملے میں کیس درج کر کے تحقیقات شروع کردی گئی ہے۔ ادھر جونہی علاقے میں کمسن بچے کے موت کی خبر پھیل گئی تو وہاں صف ماتم بچھ گئی اور ان کے والدین پر قیامت ٹوٹ پڑی۔

# ''ونٹر سپورٹس'' کے حوالہ سے سونہ مرگ اب گلمرگ سے کچھ کم نہیں ہوگی

## برف پر کھیل کے کرتب (سکینگ) دکھانے اور دیگر سہولیات کا منصوبہ

سرینگر/ ایس این این/ شہرہ آفاق گلمرگ کے بعد سونہ مرگ میں اگلی موسم سرما میں سیاحت کا مرکز بننے کی صلاحیت ہے کی بات کرتے ہوئے ناظم سیاحت کشمیر قمر سجاد نے کہا کہ وادی میں موسم سرما کی سیاحت میں اس موسم میں بہتری دیکھنے میں آئی ہے کیونکہ سیاحوں کی تعداد بڑھ رہی ہے۔ سٹار نیوز نیٹ ورک کے مطابق ناظم سیاحت کشمیر قمر سجاد نے کہا کہ شہرہ آفاق گلمرگ کے بعد سونمرگ کو موسم سرما کے اگلے بڑے سیاحتی مرکز کے بطور ابھر رہا ہے۔ جس میں سیکنگ کے بنیادی ڈھانچے کو وسعت دینے اور آنے والے سالوں میں سرمائی کھیلوں کے مسابقتی مقابلوں کی میزبانی کرنے کا منصوبہ ہے۔ ناظم سیاحت کشمیر سید قمر سجاد نے کہا کہ محکمہ موسم سرما کے کھیلوں کیلئے سونمرگ کی صلاحیت کو ظاہر کرنے کے اقدامات کی حمایت کر رہا ہےجموں وکشمیر کے لگ بھگ 180 طلباء اور دیگر ریاستوں سے 20 شرکاء جاری پروگرام میں حصہ لے رہے ہیں، جسے ڈائریکٹر نے ایک حوصلہ افزا ردعمل قرار دیا جو سرمائی کھیلوں میں بڑھتی ہوئی دلچسپی کو ظاہر کرتا ہے۔ گلمرگ کو ملک کے سرمائی دارالحکومت کے طور پر حوالہ دیتے ہوئے قمر سجاد نے کہا کہ قریبی مقامات، خاص طور پر سونمرگ، مرحلہ وار اور منظم انداز میں موسم سرما کے مقابلے منعقد کرنے کی/7

# ''لوک بھون چلو'' مارچ کے دوران کانگریس کے کئی لیڈر گرفتار

## جموں وکشمیر پردیش کانگریس کے صدر طارق حمید قرہ بھی حراست میں لئے گئے

سرینگر/ کے این ایس/ اے آئی سی سی کے جنرل سکریٹری سید نصیر حسین اور پردیش کانگریس کے سربراہ طارق حمید قرہ سمیت متعدد کانگریس کارکنوں کو حراست میں لے لیا گیا جب پولیس نے ہفتہ کو یہاں لوک بھون کی طرف مجوزہ مارچ کو روک دیا۔ کشمیر نیوز سروس (کے این ایس) کے مطابق پولیس نے اس وقت کارروائی کی جب سیکڑوں کانگریسی کارکن مہاراجہ ہری سنگھ پارک میں جمع ہوئے اور جموں وکشمیر کو ریاست کا درجہ بحال کرنے اور 'منریگا بچاؤ سنگرام' کے لیے اس کی 'ہماری ریاست ہمارا حق' تحریک کے ایک حصے کے طور پر لوک بھون کی طرف جلوس میں مارچ کرنا شروع کیا۔ کانگریس کے چیف ترجمان رویندر شرما نے کہا، ''حسین (ایم پی)، کررا، اے آئی سی سی جنرل سکریٹری اور سی ایل پی لیڈر جی اے میر، ورکنگ صدر رمن بھلا اور اے آئی سی سی سکریٹری اور پنجاب ایم ایل اے پرگت سنگھ ان بہت سے کانگریسیوں میں شامل/8

# ڈوڈہ میں ملی ٹینٹ کی گرفتاری کیلئے جگہ جگہ پوسٹر چسپاں کئے گئے

## پولیس کی طرف سے اطلاع دینے والے کو انعام دیا جائے گا/ حکام

سرینگر/ اے پی آئی/ جیش محمد کے ملی ٹنٹ کمانڈر کو گرفتار کرنے کیلئے ڈوڈہ پولیس نے پوسٹر چسپاں کردیئے اور عوام سے تلقین کی کہ اگر انہیں مذکورہ ملی ٹنٹ کے بارے میں کسی بھی طرح کی جانکاری ہو تو پولیس کو آگاہ کرے اور انعام حاصل کرے۔ اے پی آئی نیوز کے مطابق ڈوڈہ پولیس نے ممنوعہ جیش محمد کے ملی ٹنٹ کمانڈر سیف اللہ کو گرفتار کرنے کیلئے ڈوڈہ کے کئی علاقوں میں پوسٹر چسپاں کردیئے اور ان پوسٹروں میں مذکورہ ملی ٹنٹ کی داڑھی اور داڑھی کے بغیر فوٹو چسپاں کئے گئے ہیں۔ ایس ایس پی ڈوڈہ نے اس بات کی تصدیق کی کہ ڈوڈہ میں سرگرم ممنوعہ جیش محمد کے ملی ٹنٹ کی مشکوک نقل وحرکت کی اطلاع ملنے کے بعد پوسٹر چسپاں کئے گئے ہیں۔ ایس ایس پی نے لوگوں سے تلقین کی کہ وہ اپنا مکان، دوکان کرایہ پر دینے سے پہلے پولیس کو اس بارے میں جانکاری فراہم کریں۔

# پاکستانی ڈرون کے ذریعہ 40 کروڑ روپے مالیت کی ''ہیروئن'' برآمد

## تلاشی کے دوران گندم کے کھیتوں سے زرد رنگ کے دو پیکٹ ضبط

جموں/ یو این آئی/ جموں پولیس نے بی ایس ایف کی 165 بٹالین کے ساتھ ایک مشترکہ کارروائی کے دوران آر ایس پورہ سیکٹر میں بین الاقوامی سرحد کے نزدیک تقریباً 40 کروڑ روپیے مالیت کا ساڑھے 6 کلو سے زیادہ ہیروئن برآمد کیا۔ ایک پولیس ترجمان نے تفصیلات فراہم کرتے ہوئے کہا کہ بی ایس ایف کی 165 بٹالین کی جانب سے بین الاقوامی سرحد کے نزدیک مشتبہ ڈرون سرگرمی کی اطلاع ملنے پر فوری کارروائی عمل میں لائی گئی۔ انہوں نے کہا کہ 13 اور 14 فروری کی درمیانی شب آر ایس پورہ سیکٹر کے نئی بستی کروٹانہ باس پور میں جموں پولیس اور بی ایس ایف کی 165 بٹالین نے مشترکہ طور پر محاصرہ اور تلاشی آپریشن شروع کردیا۔ ان کا کہنا ہے کہ ہفتے کی صبح سویرے تلاشی کے دوران گندم کے کھیتوں سے زرد رنگ کے دو پیکٹ برآمد ہوئے۔ پولیس ترجمان نے بتایا کہ یہ علاقہ بین الاقوامی سرحد کے قریب واقع ہے اور ابتدائی طور پر شبہ ظاہر کیا جا رہا ہے کہ یہ منشیات پاکستان کی جانب سے ڈرون کے ذریعے ہندوستانی حدود میں گرائی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہر پیکٹ میں ہیروئن جیسا مواد موجود تھا اور مجسٹریٹ کی موجودگی/6

# چیک باؤنس معاملہ میں ایک سال قید اور ایک کروڑ 44 لاکھ روپے جرمانہ کا حکم

## فیصلہ سنتے ہی ملزم عدالت کے کمرے سے بھاگ گیا مگر جج کے حکم پر فوری طور پکڑا گیا

سرینگر/ ایس این این/ اپنی نوعیت کے پہلے اور انوکھے واقعہ میں 72 لاکھ روپے کے چیک باؤنس کیس میں سزا سنانے کے بعد مجرم عدالت سے فرار ہوگیا جس کے بعد چیف جوڈیشل مجسٹریٹ کو ملزم کی فوری گرفتاری کا حکم دیتے ہوئے اسے سینٹرل جیل سرینگر میں بند رکھنے کی ہدایت دی گئی۔ سٹار نیوز نیٹ ورک کے مطابق ہائی ویلیو چیک کی بے عزتی کے کیس میں سزا یافتہ ملزم سزا سنانے کے فوراً بعد عدالت کے احاطے سے فرار ہوگیا، جس کے بعد چیف جوڈیشل مجسٹریٹ سرینگر کو اس کی فوری گرفتاری اور سینٹرل جیل سرینگر میں قید کرنے کا حکم دیا گیا۔ رپورٹس کے مطابق بیروہ بڈگام کا رہائشی ملزم کو زمین کے سودے سے منسلک 72 لاکھ روپے کے مالی لین دین کے سلسلے میں نیگوشی ایبل انسٹرومنٹ ایکٹ کی دفعات کے تحت قصوروار پایا گیا تھا۔ عدالت نے اسے ایک سال کی سادہ قید کی سزا سنائی اور 1.44 کروڑ روپے کا جرمانہ عائد کیا جو کہ چیک کی دوگنا رقم کے برابر ہے۔ یہ کیس ایک شکایت سے شروع ہوا جس میں الزام لگایا گیا تھا کہ مجرم نے سال 2018 میں دددھ پتھری علاقے میں پانچ کنال اراضی کی خریداری میں سہولت فراہم کرنے کی یقین دہانی پر 72 لاکھ روپے قبول کیے تھے۔ بعد ازاں تصدیق سے معلوم ہوا کہ زمین نہ تو فروخت کے لیے دستیاب تھی اور نہ ہی ان کے اختیار میں تھی۔ اس میں کہا گیا کہ جب سامنا ہوا، ملزم نے////9

# سوپور میں منشیات فروش گرفتار

## ممنوعہ مواد برآمد/ پولیس

سرینگر/ یو این آئی/ منشیات کے خلاف کارروائیوں کو جاری رکھتے ہوئے سوپور پولیس نے ایک منشیات فروش کو گرفتار کرکے اس کی تحویل سے ممنوعہ مواد برآمد کیا۔ ایک پولیس ترجمان نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ سوپور پولیس اسٹیشن نے بوٹینگو ہیر پورہ میں ایک کارروائی کے دوران ایک منشیات فروش کو گرفتار کیا۔ انہوں نے کہا کہ تلاشی کے دوران اس کی تحویل سے چرس جیسا مواد اور کوڈین فاسفیٹ کی بوتلیں برآمد کی گئیں جس کے بعد اس کو موقع پر ہی گرفتار کیا گیا۔ ملزم کی شناخت نثار احمد ملہ ولد محمد شعبان ملہ کے طور پر کی گئی ہے۔

